© rasailojaraid.com



اور حکیم دانا ہیں اور وہ بھی اردو کو ذریعۂ تعلیم بنانے کے سخت مخالف ہیں، جس کا اظہار مذکورہ بالا لکچر میں انہوں نے کھل کر کیا ہے۔ مسلمانوں کو سوچنا چاہیے کہ اگر حکومت نے مسلمانوں کو خوش کرنے اور اردو کے اصل مسائل سے ان کی توجہ کو ہٹانے کی غرض سے اردو یونیورسٹی نام کی کوئی چیز قائم کر بھی دی تو اس کا انجام کیا ہوگا؟ جب ہائی اسکولوں میں اردو ذریعۂ تعلیم نہیں ہے تو اس یونیورسٹی کے لیۓ طلباء کہاں سے آئیں گے؟ اور آئیں گے بھی تو جب اردو میں علوم جدیدہ اور سائنس ٹکنالوجی کی کتابیں ہی نہیں تو پڑھیں گے کیا اور جب اردو میں ان علوم کی اصطلاحات ہی نہیں ہیں تو اساتذہ اردو میں سمجھائیں گے کس طرح؟ اور یہ سب کچھ بھی ہو گیا تو اس یونیورسٹی کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کا ملک میں کیا مستقبل ہوگا؟ ان کی علمی استعداد کیا ہوگی اور حکومت کے دفاتر میں ان کی کھپت کیونکر ہوگی؟

اردو کی ترقی اور حفاظت اس کی توسیع اور استحکام کے لیے کرنے کے بیسیوں اہم اور ضروری کام ہیں جنہیں ہونا چاہیۓ۔ لیکن اس کی طرف نہ کسی کو توجہ ہے اور نہ ان کے کرنے کا حوصلہ و ہمت ہے۔ لیکن اردو یونیورسٹی جو سرتاسر لغو اور بیہودہ واہمہ ہے اس کے لیۓ ایجی ٹیشن کرنے کا حوصلہ ہر ایک میں ہے۔ یہ صورتِ حال حد درجہ افسوسناک اور مسلمانوں کے مستقبل اور خود اردو زبان کے استحکام و بقا کے لیۓ نہایت افسوسناک اور مایوس کن ہے اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہم میں تعمیری کام کی صلاحتیں مفقود ہیں اور ہم نے جذبات کے کھلونوں سے دل بہلانے پر قناعت کرلی ہے فاعتبروا یا اولی الابصار۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# پتہ کی تصحیح

گزشتہ اشاعت برہان میں مولانا سعید احمد اکبرآبادی کا جو جدید پتہ درج کیا گیا تھا۔ اس میں ان کی رہائش اور دفتر کا پتہ غلطی سے خلط ملط ہو گیا ہے اس لیے صحیح پتہ اب شائع کیا جاتا ہے از راہِ کرم اسے نوٹ کر لیجیے۔

دفتری پتہ یہ ہے:۔

INSTITUTE OF HISTORY OF MEDICINE
AND MEDICAL RESERCH
NEW DELHI 62

مکان کا پتہ:۔

ہمدرد فلیٹ۔ پل پہلاد۔ بدرپور۔ نئی دہلی ــــ ۴۴

برہان کے سلسلے کے خطوط جو مقالات و مضامین سے متعلق ہوں۔ اور خود مقالات یہ سب موصوف کے نام سے دفتر برہان کے پتہ پر آنے چاہییں۔

(منیجر)

ادارہ کی فہرست کتب اور برہان کا نمونہ طلب فرمایئے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# رسالہ کشف الاذکار

از

## شاہ شریف :- ماقبل ۱۰۹۳ھ

(جناب ڈاکٹر نورالسعید صاحب اختر بمبئی)

قدیم اُردو کا بیشتر سرمایہ جس کا تعلق دبستانِ بیجاپور سے ہے تصوف کے سرمدی نغموں سے معمور ہے۔ اس مکتب کی داغ بیل شاہ میراں جی شمس العشاق (متوفی ۹۰۲ھ) کے ہاتھوں پڑی اور اُن کے خلفاء نے اس سلسلے کو جاری رکھا۔ مذہبِ اسلام کی توسیع و اشاعت اُن کا خاص مطمحِ نظر تھا لہٰذا انہوں نے اپنی تعلیمات کو دُور دراز حصّوں تک پہنچانے کی غرض سے عوامی فضا کو ملحوظ رکھتے ہوئے عام بول چال کا سہارا لیا اور اسی زبان میں تصنیف و تالیف کا کافی سرمایہ یادگار چھوڑا۔ چنانچہ اس سلسلہ کے کئی صوفیوں کی منظوم و منثور تصانیف و رسائل کا ہمیں علم ہو چکا ہے ذیل کی سطور میں شاہ شریف اور ان کی مثنوی کا تفصیلی تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

شاہ شریف کے حالاتِ زندگی کا ہمیں پوری طرح علم نہیں ہے۔ مثنوی کے سرنامہ پر یہ عبارت درج ہے۔

"این رسالہ کشف الاذکار است تصنیف شاہ شریف"

مندرجہ بالا جملے اور مثنوی کے مقطع کی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ مصنف کا نام اور تخلص شریف تھا اور اُن کے صوفیانہ مرتبہ کی مناسبت سے "شاہ" کے لقب



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا اضافہ اُن کے نام کے ساتھ کیا گیا تھا۔ نصیرالدین ہاشمی نے عادل شاہی دور کے انتیس شعراء اور ان کی تصانیف کی فہرست[۱] مرتب کی ہے اسمیں شاہ شریف اور ان کی تصنیف کا ذکر نہیں ہے۔ مثنوی کے مطالعہ سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ شاہ شریف ایک بلند مرتبہ صوفی بزرگ اور سلجھے ہوئے شاعر تھے۔ اُنھیں شاہ برہان الدین جانمؔ اور اُن کے خاندان والوں سے خاص عقیدت تھی۔

اس مثنوی کے چند اشعار ایسے ہیں جن کے پیشِ نظر یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ شاہ شریف نے حضرت جانمؔ سے براہِ راست ہدایت نہیں پائی بلکہ اُن کا عہد حضرت امین الدین اعلیٰ متوفی ۱۰۸۶ھ[۲] سے تعلق رکھتا ہے۔ مثنوی کا شعر نمبر (۱۳۹) اس امر کی واضح دلیل پیش کرتا ہے ؎

کہے شیخ محمود اوّل فارسی شریف صاف دکھنی کیا آرسی

شاہ شریف نے اپنے فارسی ماخذ کی طرف صاف طور سے اشارہ کیا ہے۔ یہاں پر مختصراً یہ دیکھنا ضروری ہے کہ شاہ شریف کون تھے اور اُن کا عہد کیا تھا؟ جنوبی ہند میں شاہ محمود، شیخ محمود اور صرف محمود تخلص اور نام والے کئی بزرگ گزرے ہیں۔ اس نظم میں شاہ شریف نے حضرت جانمؔ کے فوراً بعد شیخ محمود اور ان کی فارسی تصنیف کا ذکر کر دیا ہے۔ لہٰذا اس بنا پر یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ یہ شیخ محمود شیخ محمود عین الحق خوش دہاں محمد آبادی[۳] کے علاوہ اور کوئی نہیں ہوگا

---

[۱] دکن میں اردو : از نصیرالدین ہاشمی چھٹا ایڈیشن ص ۱۸۳

[۲] سب رس: دسمبر ۱۹۷۱ء مضمون از فہمیدہ بیگم ؛ ورق ۱۳۱ ب امین الدین اعلیٰ صحیح حق ربانی (۱۰۸۵ھ)

[۳] سکھ انجن :- شاہ ابوالحسن قادری :- مرتبہ ڈاکٹر سیدہ جعفر۔ صفحہ ۲۶ ــ ۲۷۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شیخ محمود خوش دہاں شاہ ابوالحسن قادری کے حقیقی بھانجے تھے۔ آپ کے والد کا نام فتح داؤد تھا۔ جو اپنے خسر شاہ بدرالدین حبیب اللہ کے بڑے معتقد تھے۔ بیجاپور کے اکابر صوفیاء میں آپ کا شمار تھا۔ قادریہ اور چشتیہ دونوں سلسلوں سے آپ کو بیعت حاصل تھی۔ آپ نے چونکہ حضرت جانم سے فیوضِ ظاہری اور باطنی پائے تھے۔ اس لئے آپ کو ان سے بے پناہ عقیدت تھی۔ اسی روحانی تربیت کی بنا پر آپ نے بیجاپور میں بہت سے شاگردوں اور مریدوں کو علم باطنی کی دولت سے مالا مال کیا۔ ۱۰۲۶ھ مطابق ۱۶۱۶ء کو آپ نے وصال فرمایا اور حضرت جانم کے مقبرے کے پاس دفن ہوئے۔

پروفیسر اکبرالدین صدیقی نے شیخ محمود خوش دہاں[1] کو صاحبِ تصنیف و تالیف ثابت کیا ہے۔ ان کی دو تصانیف "معرفت السلوک" اور "رویت الحق" دستیاب ہیں۔ شجرات میں شیخ محمود خوش دہاں کے نام کے ساتھ "بلطفِ معبود" کی ترکیب بھی پائی جاتی ہے۔ پروفیسر موصوف لکھتے ہیں کہ "آپ فارسی اور دکھنی دونوں زبانوں میں صاحبِ تصنیف ہیں آپ کے کئی رسالے ملتے ہیں۔ . . . . حضرت محمود خوش دہاں نے حضرت جانم کے صاحبزادے حضرت امین الدین اعلیٰ کی تعلیم و تربیت میں بھی حصّہ لیا ہے[2]۔"

ان حقائق کے پیشِ نظر اس امر کی تائید ہوتی ہے کہ شاہ شریف نے حضرت محمود خوش دہاں کے کسی فارسی رسالہ کو دکھنی جامہ پہنایا۔ اس طرح تقریباً پوری مثنوی حضرت شیخ محمود کی فارسی نظم کا ترجمہ ہے اور باقی ماندہ چھ اشعار شاہ شریف کی تخلیق ہیں۔ چنانچہ شاہ شریف کہتے ہیں ؎

---

[1] قدیم اردو جلد اول ۱۹۶۵ء صـ ۲۹۳ (نادر) قدیم اردو، دور دوم جلد اول ۱۹۷۱ء صـ ۲۷۔

[2] ایضاً۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اول کہا ہوا سب یو مطلب تمام ۔۔۔ بحقِ محمد علیہ السلام (۱۳۹)

شاہ شریف کو ایک مرشدِ کامل کی تلاش تھی۔ لہٰذا انھیں شاہ امین الدین اعلیٰ جیسا مرشدِ کامل مل گیا۔ شاہ شریف نے حضرت امین الدین اعلیٰ کو اپنے وقت کا بے نظیر دبے عدیل قطب اور روشن ضمیر بزرگ بتایا ہے۔

زمانے کے ہے او قطب بے نظیر ۔۔۔ اہے شاہ بابا سو روشن ضمیر (۱۵۲)

پھر ایک واعظ کی حیثیت سے شاہ شریف دیگر سالکانِ طریقت کو اس بات کی تنبیہ کرتے ہیں کہ شریعت اور طریقت کی راہوں پر گامزن رہنے کے لئے دراصل مرشدانِ کامل کی رہبری ضروری ہے۔ گندم نما جو فروش پیرانِ کامل کی حیثیت نیم حکیم کی سی ہوتی ہے۔ ان کی رہنمائی سالک کو گمراہ کردیتی ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے طبیبِ خام کے علاج سے مریض کی جان خطرے میں پڑجاتی ہے۔ شاہ شریف کے الفاظ یہ ہیں ؎

طبیبِ خام سوں ہوئے جیو کا زیان ۔۔۔ ہوئے خام مرشد سوں نقصانِ ایمان (۱۶۲)

اس تنبیہ کے بعد انھیں اس بات کا احساس پیدا ہوتا ہے کہ وہ خواہ مخواہ اوروں کو اس قسم کی ہدایات کر رہے ہیں۔ حقیقت میں انھیں باری تعالیٰ کا سجدۂ شکر بجا لانا چاہئے کیونکہ انھیں امین الدین اعلیٰ جیسا پیرِ کامل مل گیا۔ جس کے گھر کا ہر فرد برگزیدہ بزرگ ہے، چنانچہ وہ کہتے ہیں ؎

تجے کام کیا کس سوں توں شکر کر ۔۔۔ جو دکھلایا حق تجہ کوں ایسا گھر (۱۶۴)

رسالہ کشف الاذکار کے تفصیلی مطالعہ سے دو محققین کے بیانات کی تردید ہوتی ہے۔ پروفیسر عبدالقادر سرفراز مرتبِ فہرست مخطوطاتِ اردو، فارسی اور عربی جامعہ بمبئی نے اس رسالے کا تعارف کرتے ہوئے یہ لکھا ہے کہ اس نظم کی تخلیق کے وقت شاہ برہان الدین جانم بقیدِ حیات تھے۔ مضمون نگار کے نزدیک پروفیسر موصوف کا یہ بیان صحیح نہیں معلوم ہوتا کیوں کہ شاہ شریف نے اس نظم میں شاہ برہان



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور گنبد کی نشانی کا ذکر کیا ہے ؎

مقام ہے اُدنو کا بجاپور کن نشانی ہے گنبد کے شہپور کن

علاوہ ازیں شاہ شریف نے شاہ امین الدین اعلیٰ کی بلند مرتبہ شخصیت اور ان سے براہِ راست کسبِ فیض کا ذکر کیا ہے۔ انھیں ایمان کی صراطِ مستقیم شاہ امین الدین اعلیٰ ہی کے توسط سے حاصل ہوئی تھی ان کا کہنا ہے ؎

کیے کفر او دور گمان کا کیئے راست ایمان منجپر عطا (۱۴۶)

دوسرا بیان پروفیسر اکبر الدین صدیقی صاحب کا ہے۔ انھوں نے قدیم اُردو[1] (۱۹۷۱ء) میں حضرت جانم کے اقتباسات سے معمور رسائل کی فہرست دی ہے جس میں انھوں نے کشف الاذکار کو بھی شمار کیا ہے حالانکہ اس نظم میں حضرت جانم کی تصانیف سے کوئی اقتباس موجود نہیں ہے۔

کشف الاذکار کا موضوع :۔ مصنف کے نام اور ان کے مسلک سے صاف ظاہر ہے کہ اس رسالہ کا موضوع تصوّف کے علاوہ اور کچھ ہو نہیں سکتا، چنانچہ مصنف نے اپنے اس مختصر سے رسالہ میں خدا کی حمد وثنا اور رسول کی نعت و منقبت بیان کرنے کے بعد تصوّف وسلوک کی بعض بنیادی باتوں کو اپنے مخصوص رنگ میں واضح کیا ہے۔ بتایا ہے کہ جب خدا نے اپنے آپ کو ظاہر کرنا چاہا تو یہ دونوں عالم وجود میں آئے۔ سالک کو چاہیے کہ وہ ہمیشہ اپنے آپ کو ذکرِ الٰہی میں مصروف رکھے، چاہے وہ ذکرِ خفی ہو یا جلی، یہ ذکر سالک کے لئے خدا تک پہنچنے کا راستہ کھول دے گا اور وہ منزلِ ناسوت و منزلِ جبروت سے ہوتا ہوا منزلِ لاہوت میں قدم رکھے گا اور شاہد ومشہود ایک ہو جائیں گے۔

---

[1] قدیم اردو - دور دوم جلد اوّل ۱۹۷۱ء ص ۳۶-۳۵



© rasailojaraid.com

آخر میں سالکانِ راہِ حق کو نصیحت کی ہے کہ میری باتیں کان دھر کر سنو اور اگر واقعی خدا تک پہنچنا ہے تو کسی صاحبِ دل کا دامن تھامو کیونکہ بغیر مرشد کی رہبری کے کوئی صحیح راہ کو پا نہیں سکتا۔

**لسانی خصوصیات:۔** اس کی لسانی خصوصیات تقریباً وہی ہیں جو عام طور پر دکھنی تخلیقات کی ہوتی ہیں، زبان سادہ اور رواں ہے۔ عربی، فارسی اور ہندی الفاظ کا استعمال بڑی خوبی سے کیا ہے۔ مرہٹی الفاظ بھی روپ بدل کر جگہ جگہ موجود ہیں۔ تصوّف کی عام اصطلاحات کو واضح کرنے کا انداز بھی بڑا پیارا ہے ان لغوی خصوصیات کے علاوہ صوتی خصوصیات بھی تقریباً وہی ہیں جو دکھنی کا اہم حصہ سمجھی جاتی ہیں۔ ہر کاری آوازوں کو سادہ آوازوں میں بدل دیا گیا ہے جیسے تجھے: تجے مجھے: مجے۔ انفی آوازوں کا اضافہ بہ کثرت ہے جیسے سے = سین، تو = توں کو = کوں، توچ = تونچ، نام = ناؤں وغیرہ۔ مصوتے بھی مختلف الفاظ میں بدلی ہوئی شکل میں ملتے ہیں۔ جیسے مانگنا = منگنا، بہت = بہوت وغیرہ۔

**مخطوطے کا تعارف:۔** عبدالقادر سرفراز مرتب فہرستِ[۵] مخطوطاتِ اردو فارسی اور عربی جامعہ بمبئی نے مخطوطہ نمبر ۳۶ سلسلہ نمبر ۵۹ میں سات چھوٹے بڑے دکنی اور فارسی رسائل کا مختصر تعارف پیش کیا ہے۔ یہ رسالے ایک ہی جلد میں شیرازہ بند ہیں۔ کسی کسی جگہ یہ مخطوطے کرم خوردہ ہیں جن کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:۔

۱۔ تحفۂ نساخ — از یوسف ابوالفتح

۲۔ کریما سعدی — از سعدی (شیرازی)

۳۔ تاج الحقائق — از وجہی۔ کتابت جان محمد محرّمی چشتی متوفی ۱۰۹۳ھ

---

۵ دی ڈسکرپٹیو کیٹلاگ آف اردو، پرشین اینڈ عربک مینسکرپٹس از عبدالقادر سرفراز: جامعہ بمبئی ۱۹۳۵ء



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۴۔ مراۃ الحقائق — بھگوت گیتا کا فارسی ترجمہ کتابت جان محمد محرمی چشتی متوفی ۱۰۹۳ھ

۵۔ رموزات — ؟

۶۔ کشف الاذکار — شاہ شریف قبل ۱۰۹۳ھ

۷۔ رسالہ ہدایت الطریقہ — از نظام الدین اولیاء

۸۔ مراۃ المحققین — ؟ کتابت جان محمد محرمی چشتی متوفی ۱۰۹۳ھ

رسالہ کشف الاذکار میں (۲۱۴) اشعار ہیں۔ ہر صفحے پر اُنیس شعر ہیں۔ خط نستعلیق ہے۔ اور تاج الحقائق، مراۃ المحققین سے مطابقت رکھتا ہے۔ اس لحاظ سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس کا کاتب بھی جان محمد محرمی[۱۴] چشتی متوفی ۱۰۹۳ھ ہی ہے۔

نظم کا خلاصہ :-

رسالہ کشف الاذکار کی ابتدا ان اشعار سے ہوتی ہے ؎

اول بسم اللہ بول تجکوں سرا لون ۱ کہ رحمٰن ہے سو رحیم تیرنا لون

بھی الحمد للہ ثنا بے شمار ۲ سزاوار تجکوں توں پروردگار

جو ہے رب العالمین تو نج ایک ۳ کرے پرورش توں دو عالم کوں دیک

توں رحمٰن ہے رزق کا دیھنار ۴ مسلمان کافر کوں دنیا کے کٹھار

مسلمان کوں عاقبت توں رحیم ۵ دلیوے بہشت کافراں کوں جہیم

(۱ تا ۵ باعتبارِ مخطوطہ)

شعر نمبر ۳ تک خدائے پاک بے نیاز کی حمد ہے۔ اس کے بعد نعتیہ اشعار ہیں اور ان میں نورِ محمد کے بیان کے علاوہ شہود، شاہد اور مشہود وغیرہ کی وضاحت موجود ہے ؎

---

[۱۴] جان محمد محرمی چشتی :۔ مضمون از اکبر الدین صدیقی :۔ اردو نامہ کراچی جنوری ۱۹۶۲ء صفحہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وہی ہے تعین سو اوّل ظہور ۶ وہی آرسی ہے محمد کا نور
علم نورِ شہود ہور وجود سب لو چار ۷ برابر ہے سب نور کے حال کھٹار
زمیں ہور افلاک قدرت جیتی ۸ ادسی تھی ہے ظاہر رلعبہ سیتی
ادسی نور کی آرسی میں اوّل ۹ صفت ذاتِ مجمل جو پاتا سگل
توں پاتا ہے جب وقت الس آپ کوں ۱۰ تو عاشق ہے اپنا اپی آپ سوں
یہی ذکرِ سرّی ہے باحالِ نور ۱۱ جو عاشق اُسی ذکر سوں ہوئی حضور
یہی اس مرتبے تہی تعین دوم ۱۲ کیا ہے جو عیان ثابت ہجوم
الس میں اپیں توں جو تفصیل سمات ۱۳ کھی پاتا ہے اپنا صفت ہور ذات
جو میں علم میں نور ہور میں شہود ۱۴ نہیں ہے میرے غیر کوں ہیچ وجود
توں اس مرتبے کے جو آرس کہبتر ۱۵ ہوا دیکھ شاہد آپیں آپ پر
توں شاہد ہوا جب جو آپیں آپ سوں ۱۶ توں شاہد و مشہود کھی ہے سو توں
اشارت کھی ہے روحی ذکر سوں ۱۷ کریں عارف اس میں ثبوت فکر سوں
توں اپنی صورت پر جو ناظر ہوا ۱۸ توں معشوقِ عاشق ہو حاضر ہوا
الس کی صورت کا ہے عاشق ہے توں ۱۹ نہ دیکھیا الس باج یہی کیس سوں
تصوّر خیالات سوں اپنے کیا ۲۰ کہ ظاہر گردوں میرے باطن سوں لیا
یہی ذکر قلبی ہے تج قلب میں ۲۱ اشارت ہے اس قلب کے ذکر میں
عیاں کا جو وسواس الس میں کیا ۲۲ تو باطن تی ظاہر میں صورت دیا

(۳۹ تا ۵۵)

دو عالم یو ظاہر ہوئے آشکار ۲۳ جو ذکرِ جلی ہے یہی نام دار
خدا کا ظہور رہے یو ذکراں سو پنج ۲۴ کہ باطن تی لیایا ہے یو پنج گنج
اے سالک اگر دل میں توں یوں منگے ۲۵ خدا کی کھولی باٹ تج پر اَگے
(۵۶ تا ۵۸)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس کے بعد شاہ شریف یہ کہتے ہیں کہ خدا کو ہر طریقے سے پایا جا سکتا ہے اور گمراہ لوگ یادِ الٰہی کے بغیر اپنی زندگی تباہ و برباد کر رہے ہیں۔ پھر کہتے ہیں ؎

تیرے طرف آیا بجا لِ جلی ۲۶ نزدل ہے خدا کا خفی حال تھی
منگے سیر کرنے خفی طرف توں ۲۷ تجھے کبھی عروج ہے جلی ذکر سوں
(۶۲ ۔ ۶۳)

اس کے بعد ذکرِ روحی، ذکر سِرّی کی تشریح کی گئی ہے اور واضح کیا ہے کہ ذکرِ الٰہی کس طرح کیا جائے تاکہ قلب کا گوشہ گوشہ نور کی تجلّی سے منور ہو سکے۔ ذکرِ الٰہی کا ہر لمحہ وردِ زباں رہنا ضروری ہے۔ ؎

نہ غافل اچھی ذکر سوں اُس کدھیں ۲۸ توں کہہ اللہ اللہ ہو رات دن
(۷۱)

ذکر الٰہی کے شغل کے بعد ایک حد ایسی آئے گی کہ سالک منزلِ ناسوت تک پہنچ جائیگا اور اس جگہ اس پر یادِ حق کے سوا سب کچھ حرام ہوگا ؎

بجز یادِ حق تج پہ ہوگا حرام ۲۹ توں منزل او پاگا جو ناسوت نام
(۷۷)

سالک کے لئے اس کے بعد منزل ملکوت ہوگی۔ یہیں پر اُسے صفا کا میدان نظر آتا ہے اور سالک کو رُوحِ قدسی کی لَو لگ جاتی ہے ؎

وہاں رُوحِ قُدسی سُوں تج وصل ہے ۳۰ توں شاہ ہمیشہ دل پر جو رہے
(۸۵)

رُوحِ قُدسی سے وصال کے بعد سالک منزلِ جبروت میں قدم رکھتا ہے اور اس کے لئے اس منزل میں ہر دو عالم گم ہو جاتے ہیں ؎

جو واں ہر دو عالم ہوے گُم تمام ۳۱ توں منزل او پاگا کہ جبروت نام



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہوئے عاشق پاک صادق یہاں ۳۲ پتنگ ہو پڑے چھوڑ پروائے جان

(۸۶ — ۸۷)

مغزِ نور کے بیان میں لکھتے ہیں کہ ؎

یہاں ممتنع جو کہ ظلمات جان ۳۳ تو شاہد ہے آبِ حیات اس میں جان

(۹۰)

مغزِ نورِ مجمل محمد ہے بیچ ۳۴ او سے کٹاؤں ہستی کی ہے خاک بیچ

(۹۴)

رُوحِ قدسی کو عکسِ نور قرار دیتے ہوئے وہ نورِ حق کی اہمیت کا راز یوں فاش کرتے ہیں ؎

یہاں ہوئی ظاہر محبتِ حضور ۳۵ کہ یو رُوحِ قدسی سو ہے عکسِ نُور

خدا کا جو عشق آئے دل پر تجے ۳۶ کھُلے راز کے گنج کا دَر تجے

نظر توں کریگا جو جب کٹا ریہ ۳۷ نہ دیکھے بجز نورِ حق تج نظر

(۹۷ تا ۹۹)

ان حقائق کے وا ہونے کے بعد سالک کو منزلِ لاہوت کی راہ ملتی ہے ؎

او منزل تو پایا کہ لاہوت نام ۳۸ تو اس ذکرِ سری سوں رئیے توں مدام

(۱۰۲)

اس منزل کے بعد سالک کا وجود ختم ہو جاتا ہے اور وہ خود کو ذاتِ الٰہی میں ضم کر دیتا ہے ؎

خودی کوں فنا کر ہوا اس میں نہاں ۳۹ خفی حال تجہ پر کروں میں بیاں

(۱۰۵)

خفی حال کے ذکر کا آغاز ان الفاظ میں کرتے ہیں ؎



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شعور توں جو دھرتا ہے دیکھتا ہونکر ۴۰ او دِستا ہے منج اُس نظر کے بھتر
یہی غیر ہے جان اُس عین باج ۴۱ فنا ہو خفی حال نیں کر توں راج
خفی حال سوں توں جو پاگا وصال ۴۲ تجھے قرب حق کا ہے واں بے زوال

(۱۰۶ ـ ۱۰۸)

قربِ حق نصیب ہونے کے بعد سالک پر جو کیفیت طاری ہوتی ہے اس کے بیان سے اس کی زبان قاصر ہے۔

ہوئے اُس گنجِ مخفی میں تج حال جب ۴۳ زبان گُنگ ہوئے تو لنے قال او
توں یوں وصلِ حق کا جو پاوے مدام ۴۴ ہووے ذوق اسکا بھی تجکوں مدام

(۱۱۲ ـ ۱۱۳)

اس بیان کے بعد شاہ شریف سالک سے تخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں ؎

اے سالک کچھ تجکوں بولیا ہوں اب ۴۵ نصیحت کے موتی پرویا ہوں اب
تو کر فہم اُس راز تھی حق کی باٹ ۴۶ تو ذکراں سوں اُس جا سچ باٹ کھاٹ
دِسن بات اگر ہوش دھرتا ہے توں ۴۷ تو کر جوش اپس میں میرے پند سوں
پکڑ دو ریک صاحبِ دل کا جا ۴۸ کہ تا او تجے راہ لاوے سیدا

(۱۱۴ ـ ۱۱۷)

شاہ شریف مرشدِ کامل کے حصول پر خاص طور پر زور دیتے ہیں، کیونکہ ان کے نزدیک اس کے بعد راہِ معرفت کا طے کرنا ناممکن سا ہے۔ وہ یہاں اس بات کے شاکی نظر آتے ہیں کہ ہر دور میں مرشدانِ کامل کا فقدان رہا ہے۔ لیکن وہ سالک کو تسلی و تشفی دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ جب بھی دل میں عشقِ حقیقی کا ولولہ پیدا ہوتا ہے تو از خود اُسے مرشدِ کامل تک پہنچا دیتا ہے تاکہ معرفت کی منزلیں اس کی راہبری میں طے کی جاسکیں ؎



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بجز مرشد نہ کوئی باٹ پائے ۴۹ خدا جس منگے اُس سیدھی راہ بلائے
دلیکن کھاں مرشداں کا ملاں ۵۰ کہ حق سوں ہوئے او اچھے واصلاں
خدا جس وقت تج ارادت کرے ۵۱ تو اس رہنما کیاں لجا تج دھرے

(۴۹ تا ۵۱)

شاہ شریف سالکانِ معرفت سے گویا اپنا تجربہ بیان کرتے ہیں۔ کیونکہ ان کے دل میں قربِ الٰہی کا خیال پیدا ہوا تھا۔ تو اُنھیں شاہ بُرہان الدین جانم جیسا مرشدِ کامل مل گیا تھا وہ اپنے مرشدِ کامل کی خصوصیات کا بیان ان الفاظ میں کرتے ہیں ؎

تو آ شاہ بُرہان کے دار اُوپر ۵۲ کہ او سالکاں کے جو ہے راہ بر
شریعت حقیقت کے ہیں رہنما ۵۳ او کامل ولی عارفاں کے ہے شا
دُرست ہے صفت جو حبیبِ خدا ۵۴ دلی ولا پیروی مُصطفےٰ
جکوئی ان کے درک جیو سوں آئے ۵۵ مراد او خدا کی پچھانت کی پائے
ایسے خاص مُرشد ہے او اس زماں ۵۶ او ختم الولی ہے در آخر زماں
خدانے کیا ظاہر ان کو جیاں ۵۷ کہ نفع او نو تھی لیوے موماناں
اوپر ہے سرانے تھی اُن کا مقام ۵۸ پیغمبر کی خصلت ہے ان میں تمام
ہووے بختِ طالع مُنجح اس تے بلند ۵۹ جو پایا اُس انسانِ کامل سوں پند
مقام ہے او نو کا بجاپور رکن ۶۰ نشانی ہے گنبد کے شہپور کن
کرم سوں نظر شاہ دین جب کیا ۶۱ تو حق الیقیں کوں او پونچا دیا
مرے دل کے تانبے کوں او کیمیا ۶۲ کتک فیض کا اس کیا جوں طلا

(۱۲۵ تا ۱۳۵)

شاہ شریف نے اس امر کا اعتراف کیا ہے کہ انھوں نے شاہ برہان الدین جانم اور معرفتِ الٰہی کے پوشیدہ باتوں کی جو تشریح فرمائی ہے اُس کا بیان دراصل



© rasailojaraid.com